میڈیا آفس
حزب التحریر
ولایہ پاکستان

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

﴿وَعَدَ اللَّهُ الَّذِينَ آمَنُوا مِنكُمْ وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ لَيَسْتَخْلِفَنَّهُمْ فِي الْأَرْضِ كَمَا اسْتَخْلَفَ الَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ وَلَيُمَكِّنَنَّ لَهُمْ دِينَهُمُ الَّذِي ارْتَضَىٰ لَهُمْ وَلَيُبَدِّلَنَّهُم مِّن بَعْدِ خَوْفِهِمْ أَمْنًا يَعْبُدُونَنِي لَا يُشْرِكُونَ بِي شَيْئًا وَمَن كَفَرَ بَعْدَ ذَٰلِكَ فَأُولَٰئِكَ هُمُ الْفَاسِقُونَ﴾

حزب التحریر
HIZB UT TAHRIR

نمبر:PR18021 | 19/03/2018 | پیر،01رجب،1439ھ

یوم پاکستان کا پیغام:

خلیفہ راشد کی قیادت میں افواج پاکستان امت کی صورتحال کو تبدیل کرنے کی صلاحیت رکھتی ہیں

جس بڑے پیمانے پر یوم پاکستان پر ہونے والی فوجی پریڈ کی تیاریاں ہورہی ہیں وہ اس بات کا ثبوت ہے کہ پاکستان کی افواج کس قدر طاقتور ہیں۔ یہ حقیقت مسلمانوں میں فخر کے جذبات اور افواج پاکستان پر اعتماد پیدا کرتی ہے جن کی شہادت کی خواہش ان کے مادی وسائل کے ساتھ مل کران کی طاقت کو دوچند کر دیتی ہے۔ یقیناً ایک اسلامی سیاسی قیادت کے تحت، جو قرآن وسنت کے بنیاد پر حکمرانی کرے گی، ہماری موجودہ بدترین عدم تحفظ کی صورتحال بہت تیزی سے فیصلہ کن طور پر تبدیل ہوسکتی ہے۔ وہ اسلامی قیادت افغان سرزمین سے بھارتی حملوں پر صرف سوال نہیں اٹھائے گی بلکہ وہاں سے امریکی افواج کو نکال باہر کرے گی جو افغانستان میں بھارتی موجودگی کو ٹھکانہ اور تحفظ فراہم کر رہی ہے اور یوں افغانستان سے بھارتی خطرے کا خاتمہ ہوجائے گا۔ وہ اسلامی قیادت پاکستان کے زمینی اور فضائی راستے امریکہ کے لیے بند کر دے گی جس سے گزرنے والی سپلائی لائن کی وجہ سے بگرام میں امریکی افواج آرام سے بیٹھی ہیں۔ وہ اسلامی قیادت پاکستان میں موجود امریکی سرکاری وغیر سرکاری انٹیلی جنس کا خاتمہ کر دے گی جو امریکہ۔بھارت شیطانی گٹھ جوڑ کی آنکھیں اور کان ہیں۔ وہ اسلامی قیادت جے ایف-17 طیاروں کے ذریعے امریکی ڈرونز کو غیر موثر اور ہمارے دارالحکومت میں موجود ان کے جاسوسی کے قلعے کا خاتمہ کر دے گی جو سفارت خانے کے نام پر چلایا جا رہا ہے۔ وہ اسلامی قیادت افغانستان میں امریکی موجودگی کو قانونی بنوانے کے لیے مذاکرات کے منصوبے کو مکمل طور پر مسترد کر دے گی بلکہ قبائلی مسلمانوں کو پیرا ملٹری فوج میں شامل کر کے ایک طرف تو ان لوگوں کو بے نقاب کر دے گی جو دشمن سے لڑنے کے بجائے مسلمانوں کو قتل کرتے ہیں تو دوسری طرف یہ پیراملٹری فوج قبائل اور فوج کی طاقت کو دشمن کے خلاف یکجا کر دے گی۔ اور وہ اسلامی قیادت اپنے میزائلوں، جن میں ٹیکٹیکل ایٹمی ہتھیار بھی شامل ہیں، کو تیار رکھے گی تاکہ بھارت کی ممکنہ شرارت کا منہ توڑ جواب دیا جاسکے۔ لہٰذا ایک اسلامی قیادت امریکی افواج کو بلامشروط ہتھیار پھینکنے پر مجبور کر سکتی ہے جو مسلمانوں کے لیے زبردست تقویت کا باعث ہوگی جس کے بعد امت اس قسم کے مزید موثر اقدامات مقبوضہ کشمیر، شام یمن اور برما کے حوالے سے بھی لے سکی گی۔

ایک اسلامی سیاسی قیادت تن تنہا مسلمانوں کے تحفظ کو یقینی بناسکتی ہے کیونکہ وہ قرآن وسنت سے رہنمائی لیتی ہے اور اس کا سب سے بڑا مقصد امت کی نگہبانی کرنا ہوتا ہے۔ لہٰذا وہ دشمنوں کے ساتھ کیے گئے اتحاد کے معاہدوں کو پھاڑ ڈالے گی کیونکہ اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے فرمایا:

"إِنَّمَا يَنْهَاكُمُ اللَّهُ عَنِ الَّذِينَ قَاتَلُوكُمْ فِي الدِّينِ وَأَخْرَجُوكُمْ مِنْ دِيَارِكُمْ وَظَاهَرُوا عَلَى إِخْرَاجِكُمْ أَنْ تَوَلَّوْهُمْ وَمَنْ يَتَوَلَّهُمْ فَأُولَئِكَ هُمُ الظَّالِمُونَ"

اللہ ان ہی لوگوں کے ساتھ تم کو دوستی کرنے سے منع کرتا ہے جنہوں نے تم سے دین کے بارے میں لڑائی کی اور تم کو تمہارے گھروں سے نکالا اور تمہارے نکالنے میں اوروں کی مدد کی۔ تو جو لوگ ایسوں سے دوستی کریں گے وہی ظالم ہیں" (الممتحنہ:9)۔

اور وہ اسلامی قیادت کافر استعماری طاقتوں پر انحصار نہیں کرے گی بلکہ موجودہ مسلم ممالک کو یکجا کر کے طاقت حاصل کرے گی کیونکہ اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے فرمایا:

الَّذِينَ يَتَّخِذُونَ الْكَافِرِينَ أَوْلِيَاءَ مِن دُونِ الْمُؤْمِنِينَ أَيَبْتَغُونَ عِندَهُمُ الْعِزَّةَ فَإِنَّ الْعِزَّةَ لِلَّهِ جَمِيعًا

"جو مومنوں کو چھوڑ کر کافروں کو دوست بناتے ہیں۔ کیا یہ ان کے ہاں عزت حاصل کرنا چاہتے ہیں تو عزت تو سب اللہ ہی کے لیے ہے" (النساء:139)۔

اے افواج پاکستان میں موجود مسلمانو! بہت عرصے سے ہم ایک ایسی قیادت کے ہاتھوں نقصان اٹھا رہے ہیں جو اسلام کی جگہ کفر کی گمراہی سے رہنمائی لیتی ہے۔ اس صورتحال نے غربت اور ذلت کو یقینی بنایا ہے جبکہ ہمارے پاس زبردست انسانی وقدرتی وسائل اور فوجی طاقت موجود ہے۔ آپ کے ساتھ اللہ سبحانہ وتعالیٰ کی مکمل حمایت اور مسلمانوں کی دعائیں ہیں کہ اس صورتحال کو تبدیل کر دیں۔ لہٰذا آگے بڑھیں اور نبوت کے منہج پر خلافت کے قیام کے لیے حزب التحریر کو نصرۃ فراہم کریں۔ اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے فرمایا:

إِنْ يَنْصُرْكُمُ اللَّهُ فَلَا غَالِبَ لَكُمْ وَإِنْ يَخْذُلْكُمْ فَمَنْ ذَا الَّذِي يَنْصُرُكُمْ مِنْ بَعْدِهِ وَعَلَى اللَّهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُونَ

"اور اللہ تمہارا مددگار ہے تو تم پر کوئی غالب نہیں آسکتا۔ اور اگر وہ تمہیں چھوڑ دے تو پھر کون ہے کہ تمہاری مدد کرے اور مومنوں کو چاہیئے کہ اللہ ہی پر بھروسا رکھیں" (آل عمران:160)

ولایہ پاکستان میں حزب التحریر کا میڈیا آفس